
# وظائفِ نادِ علیؑ



Presented by www.ziaraat.com

۱۰/-

امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء

سید نور عباس رضوی
14.8.2010

# وظائفِ نادِ علیؑ


مؤلفہ:- مولوی مرزا غلام عباس علی مرحوم

مترجمہ:- مولوی میر محمد علی

ترتیب نو:- سید جعفر زیدی



ناشر

احمد بک ڈپو۔ رضویہ سوسائٹی کراچی ۱۸

قیمت۔ روپے



Presented by www.ziaraat.com

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ

تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ

كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي

بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ



Presented by www.ziaraat.com

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ
تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ
كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي
بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ



# فہرستِ مضامین


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۔ | انبیاء و آئمہ علیہم السلام کی خواب میں زیارت | ۱۵ |
| ۲۔ | حصول علم و حکمت | ۱۵ |
| ۳۔ | کشفِ اسرار | ۱۵ |
| ۴۔ | دفعِ امراض کے لئے | ۱۶ |
| ۵۔ | بخار کے لئے | ۱۶ |
| ۶۔ | ناسور کے لئے | ۱۶ |
| ۷۔ | لاعلاج مرض کے لئے | ۱۷ |
| ۸۔ | قضائے حاجت | ۱۷ |
| ۹۔ | حفاظت از مرگِ مفاجات | ۱۷ |
| ۱۰۔ | سانپ کے زہر کے لئے | ۱۷ |
| ۱۱۔ | بچھو کے کاٹے کے لئے | ۱۷ |
| ۱۲۔ | ردِ سحر | ۱۷ |
| ۱۳۔ | نظرِ بد کے لئے | ۱۸ |
| ۱۴۔ | حصولِ دولت کے لئے | ۱۸ |
| ۱۵۔ | دشمنوں سے نجات کے لئے | ۱۸ |


Presented by www.ziaraat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ١٦- | دشمنوں کے مطیع ہونے کے لئے | ١٩ |
| ١٧- | دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے | // |
| ١٨- | دشمنوں کی نابودی کے لئے | ٢٠ |
| ١٩- | دوستی کے لئے | // |
| ٢٠- | برائے دفع تہمت | // |
| ٢١- | بے خوابی کے لئے | // |
| ٢٢- | رنج و غم کے دور ہونے کے لئے | // |
| ٢٣- | حصولِ دولت و حشمت | ٢١ |
| ٢٤- | برائے عزت و رفعت | // |
| ٢٥- | کامیابی کے لئے | // |
| ٢٦- | برائے عزت و شوکت | // |
| ٢٧- | حکام کی نظر میں عزت کے لئے | ٢٢ |
| ٢٨- | مقبولیت کلامِ قاصد | // |
| ٢٩- | برائے حب | // |
| ٣٠- | برائے عداوت | ٢٣ |
| ٣١- | زبان بندی مخالفین | // |
| ٣٢- | دشمنوں کی ہلاکت و بربادی | ٢٤ |
| ٣٣- | برائے شجاعت و دلاوری | ٢٦ |
| ٣٤- | خوف سے نجات | // |





| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ٣٥- | برائے فتح یابی | ٢٦ |
| ٣٦- | حصولِ مقصد | ٢٧ |
| ٣٧- | قضائے حاجت | // |
| ٣٨- | قید سے رہائی کے لئے | ٢٨ |
| ٣٩- | سلامتی مسافرت | // |
| ٤٠- | وسعتِ رزق کے لئے | // |
| ٤١- | حصولِ سعادت دینی و دنیاوی | ٢٩ |
| ٤٢- | تسخیرِ قلوب | // |
| ٤٣- | وسعتِ رزق کے لئے | // |
| ٤٤- | برائے بلندی مراتب | // |
| ٤٥- | حصولِ اولاد کے لئے | // |
| ٤٦- | حصولِ مقاصد کے لئے | // |
| ٤٧- | قید سے رہائی کے لئے | ٣٠ |
| ٤٨- | خوف سے نجات کے لئے | // |
| ٤٩- | ردِ سحر | // |
| ٥٠- | زہر کے اثر کے لئے | // |
| ٥١- | لاعلاج مریض کے لئے | // |
| ٥٢- | رنج و غم دور ہونے کے لئے | // |
| ٥٣- | دوستی کے لئے | ٣١ |


Presented by www.ziaraat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۵۴۔ | دفعِ تہمت کے لئے | ۳۱ |
| ۵۵۔ | بے خوابی کے لئے | 〃 |
| ۵۶۔ | وسعتِ رزق کے لئے | 〃 |
| ۵۷۔ | اعداء پر فتح کے لئے | 〃 |
| ۵۸۔ | دشمنوں سے پوشیدہ ہونے کے لئے | ۳۲ |
| ۵۹۔ | زباں بندی اعداء کے لئے | 〃 |
| ۶۰۔ | قضائے حاجت | 〃 |
| ۶۱۔ | شفائے امراض | 〃 |
| ۶۲۔ | برائے نذرِ بد | 〃 |
| ۶۳۔ | خزانوں کا ظاہر ہونا | 〃 |
| ۶۴۔ | زیارت رسولِ خدا | 〃 |
| ۶۵۔ | قید سے رہائی | ۳۳ |
| ۶۶۔ | قضائے مہمات | 〃 |
| ۶۷۔ | کشف اسرار و غیب | 〃 |
| ۶۸۔ | ہلاکت دشمن | 〃 |
| ۶۹۔ | دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے | 〃 |
| ۷۰۔ | تحصیل علم | 〃 |
| ۷۱۔ | حصولِ دولت | 〃 |
| ۷۲۔ | برائے فتح و کامیابی | 〃 |





| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۷۳۔ | حصولِ عزت و شوکت | ۳۴ |
| ۷۴۔ | برائے خاتمہ اختلاف | 〃 |
| ۷۵۔ | حصولِ شجاعت | 〃 |
| ۷۶۔ | دشمنوں کے دفع ہونے کے لئے | 〃 |
| ۷۷۔ | قضائے حاجات | 〃 |
| ۷۸۔ | نقش نادِ علی | ۳۵ |
| ۷۹۔ | ختم یا علی | 〃 |
| ۸۰۔ | عمل عظیم التاثیر | ۳۶ |
| ۸۱۔ | ختم نادِ علی | 〃 |
| ۸۲۔ | فضائل بسم اللہ | 〃 |
| ۸۳۔ | دفع پریشانی | ۳۷ |
| ۸۴۔ | ختم سورۃ الحمد | 〃 |
| ۸۵۔ | اسمائے باری تعالیٰ اور وظائف | ۳۸ |


Presented by www.ziaraat.com

# جامعِ زیارات

(پاکٹ سائز)

مترجمہ

حجتہ الاسلام جناب مولانا رضی جعفر صاحب قبلہ

اس کتاب میں زیارات بعد نمازِ پنجگانہ، زیارات چہاردہ معصومین علیہم السلام، زیارات مقاماتِ مقدسہ، زیارات عاشورہ، زیارت اربعین، زیارت جامع صغیرہ، زیارت حضرت زینب اور زیارت حضرت عباسؑ شامل ہیں۔

عکسی کتابت آفسٹ چھپائی دیدہ زیب ٹائیٹل

ناشر

احمد بک ڈپو

رضویہ سوسائٹی، کراچی نمبر ۱۸



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## مقدمہ

واضح ہو کہ احادیث معتبر و اخبار صحیح کی بنا پر وارد ہے کہ جنگ احد میں کفار نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دندان مبارک کو شہید کیا اور حضرت حمزہ ابن عبد المطلب رضی اللہ عنہ درجہ شہادت پر فائز ہوگئے اور بہت سے مسلمان مقتول و مجروح ہوئے اس روز حضرت غالب کل غالب و مطلوب کل طالب جناب امیر المومنین یعسوب الدین علی ابن ابی طالب علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت رسولؐ خدا کے ہمراہ نہ تھے اس وقت خداوند جل شانہ نے حضرت جبرئیل کے ذریعے حضرت رسولؐ کی خدمت میں کہلا بھیجا کہ ان کلمات شریف نادِ علیؑ کے ذریعے اپنے بھائی و وصی علی علیہ السلام کو طلب کریں

اسرار الٰہی جس سے فتح اسلام مراد ہے ظاہر ہوگی حسبِ ارشاد جناب باری جب آنحضرت نے اپنی زبان مبارک پر ناد علی جاری فرمایا باوجود دوری مسافت کے آواز مبارک حضرت شاہِ مرداں شیر یزداں کے گوش مبارک تک پہنچی۔ علی ابن ابی طالب نے لبیک یا نبی اللہ جواب میں فرمایا اور اسی گھڑی راستہ طے کر کے آپ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہو گئے۔ آنحضرتؐ کو مقتولوں میں گھرا ہوا ملاحظہ فرما کر شاہِ ولایت شیر بیشہ شجاعت

Presented by www.ziaraat.com

علی مرتضیٰ علیہ السلام نے میان سے ذوالفقار کھینچی اور کفار سے مقابلہ کرکے ایک ایک کو تہ تیغ کیا۔ یہ حالت دیکھ کر کفار کی باقی جماعت فرار کر گئی اور لشکرِ اسلام فتح یاب ہوا اور بہت سامالِ غنیمت پایا۔

کتاب حیات القلوب میں جناب ملا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ ذکر جنگ احد کے آخر میں تحریر فرماتے ہیں کہ دیوان حضرت امیر علیہ السلام کے شارح نے ذکر لافتیٰ کے بعد بہت سے اسناد سے روایت کی ہے کہ نادعلی کی آواز غیب سے حضرت رسولِ خدا کے گوشِ مبارک میں پہنچی۔ نیز مشہور یہ ہے کہ نادِ علیؑ کی آواز جنگِ خیبر میں آئی۔ اس وقت سے بہت سے بزرگان دین و علماء نادِ علی کو ہمیشہ پڑھا کئے اور اپنی مراد کو پائے۔ ان کلماتِ شریف کے بہت خواص و عجائب و غرائب بے شمار ہیں۔ بہر حال جس نیت سے بصدقِ دل پڑھیں تو بالضرور اس کا مطلب و مراد پوری ہوگی۔ اس کے سات سو خواص ہیں منجملہ ان ایک سو سترہ کے جو مشہور ہیں اس کتاب میں تحریر کئے جاتے ہیں باقی حسنِ اعتقاد پر موقوف ہے۔ حضرت امیر المومنینؑ و آئمہ طاہرین بزرگان دین علماء نے فرمایا ہے کہ ان کلماتِ شریف نادِ علی میں اسمِ اعظم مندرج و پوشیدہ ہے پس ہر مومن خالص کو لازمی ہے کہ اس کو ہمیشہ پڑھا کرے۔ جس نیت سے اس کو پڑھے گا انشاءاللہ تعالیٰ ضرور اس کی مراد حاصل ہوگی لیکن امورِ خلاف شرع کے حصول میں پڑھنے کی سخت ممانعت کی گئی ورنہ وہ دنیا و عقبیٰ کی بلاؤں میں گرفتار ہوگا اس کے پڑھنے کے اوقات معینہ یہ ہیں۔ جب کہ قمر بارہ برج فلکی میں سے جس برج سعد میں ہو اس کی ابتدا کرے۔ جب کہ زیادتی رزقِ



وسعت بہت ظاہر و باطن و محبت خلائق کے لئے پڑھنا ہو تو جمعہ کے روز ابتدائے ماہ یعنی زائد النور میں جو غرہ سے چودھویں رات تک ہے شروع کرے۔ دشمنوں کی زبان بندی کے لئے ہفتہ یا اتوار کے روز شروع کرنا چاہیئے۔ دشمنوں کی گرفتاری اور ظالموں کی ہلاکت کے لئے منگل یا چہار شنبہ ناقص النور میں یعنی پندرھویں تاریخ سے سلخ ماہ تک ہے شروع کریں۔

واضح ہو کہ خداوندِ عالم نے ذریعہ وحی جو نادعلی نازل فرمائی ہے یہ ہے۔ نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي۔ جناب ختمی مرتبت نے اپنی زبان معجز بیان سے ان کلمات کو اضافہ کر کے اس کے ساتھ ختم فرمایا بعظمتك یا اللہ یا اللہ یا اللہ بنبوتك یا محمد یا محمد یا محمد بولایتك یا علی یا علی یا علی۔ حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مطلب و مقصد جائز کے بر آنے کے لئے نادِ علی اس طرح ہمیشہ پڑھے گا تو اس کا مطلب پورا ہوگا دعوت کبیر کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز تین سو تیس مرتبہ اور دعوت صغیر کا یہ ہے کہ ہر روز ایک سو دس مرتبہ پڑھا کریں۔ ان دعوت کو اعتصام و اختتام کے ساتھ پڑھنا چاہیئے اعتصام یہ ہے کہ جب نادعلی شروع کرنا منظور ہو تو پہلے یہ اعتصام پڑھے یا اللہ صمدی من عندك مددی و علیك معتمدی۔

اختتام یہ ہے نادعلی کے ختم کرنے کے بعد پانچ مرتبہ کہے یا ابا الغیث اغثنی یا علی ادرکنی برحمتك یا ارحم الراحمین بزرگان دین سے منقول ہے کہ نادِ علی کو بصورت ذیل مربع لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے

Presented by www.ziaraat.com

گا یا ہر روز اس کو دیکھے گا تو وہ تمام بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے گا۔
اگر جنگ پر جائے گا تو دشمن پر فتح پائے گا اور خدا سے جو مطلوب چاہے گا
بر آئے گا۔ سحر و جادو اس پر اثر نہ کرے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ناد | علیاً | مظهر | العجائب | تجده | عونالك | فی النوائب | کل هم |
| علیاً | مظهر | العجائب | تجده | عونالك | فی النوائب | کل هم | وغم |
| مظهر | العجائب | تجده | عونالك | فی النوائب | کل هم | وغم | سینجلی |
| العجائب | تجده | عونالك | فی النوائب | کل هم | وغم | سینجلی | بنبوتك |
| تجده | عونالك | فی النوائب | کل هم | وغم | سینجلی | بنبوتك | یا محمد |
| عونالك | فی النوائب | کل هم | وغم | سینجلی | بنبوتك | یا محمد | بولایتك |
| فی النوائب | کل هم | وغم | سینجلی | بنبوتك | یا محمد | بولایتك | یا علی |
| کل هم | وغم | سینجلی | بنبوتك | یا محمد | بولایتك | یا علی | یا علی |



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عملیاتِ نادِ علیؑ

## (۱) انبیاء و آئمہ علیہم السلام کی خواب میں زیارت

اگر کوئی شخص جناب رسالتمآب و آئمہ طاہرین علیہم السلام کے انوارِ جمال کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہو تو شب جمعہ شروع ماہ زائد النور میں بوقت شب ہزار مرتبہ نادِ علی پڑھے اور نماز عشاء و دو رکعت نماز نافلہ کے بعد غسل کرکے لباس پاک دُھلے پہنے اور خوشبو لگائے بفضلہ تعالیٰ خواب میں زیارت سے مشرف ہوگا۔

نوٹ۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کی تلاوت کرے۔

## (۲) حصول علم و حکمت

جو شخص ہر روز ستر مرتبہ نادِ علی پڑھے تو ابواب علوم و حکمت اس پر ظاہر ہوں گے۔

اگر ہر صبح ایک سو چالیس (۱۴۰) مرتبہ نادِ علی پڑھے تو علم و حکمت اس کے دل میں پیدا ہوں گے۔

## (۳) کشف اسرار

ہر روز ستر مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے اسرار ظاہر ہوں گے۔

## ایضاً

اگر کوئی شخص ایک سو چالیس (۱۴۰) مرتبہ اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو ستر مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے گا تو اس پر امورِ غیب ظاہر ہوں گے اور وہ

Presented by www.ziaraat.com

روز بروز عجائب وغرائب دیکھے گا۔

**(۴) دفع امراض کے لئے**
کوئی شخص ایسا بیمار ہو جس کے علاج سے اطبا عاجز ہو گئے ہوں تو آب باراں یا آبِ چاہِ پاک پر ستر مرتبہ پڑھ کر مریض کو پلایا جائے بفضلہ تعالیٰ اس کو شفا ہو گی

**ایضاً**
جو شخص بیماری کے باعث ضعیف و ناتواں ہو گیا ہو اور ضعف بدن رکھتا ہو تو نادِ علی ہر روز ستر مرتبہ پڑھے اس کا ضعف دور ہو جائیگا

**ایضاً**
ہر روز دس مرتبہ نادِ علی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے لاعلاج مرض دور ہوتے ہیں۔

**ایضاً**
نمازِ عصر کے بعد ہر روز پچیس مرتبہ نادِ علی پڑھنے والا شخص ہرگز بیمار نہ ہوگا

**ایضاً**
ہر روز نمازِ مغرب کے بعد اٹھائیس مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے جسم کی تمام بیماریاں دور ہوتی ہیں۔

**ایضاً**
مریض کو جب کبھی پانی پلایا جائے تو اس پر نادِ علی دم کرکے دی جائے۔ انشاء اللہ جلد شفا ہو گی۔

**(۵) بخار کے لئے**
اگر کسی کو بخار ہو جائے اور دوا سے فائدہ نہ ہوتا ہو تو چینی کے سفید پیالے پر مشک و زعفران و گلاب سے نادِ علیؑ لکھ کر آبِ باراں یا کسی پاک پانی سے دھو کر اس کو پلاتے شفا ہو گی۔

**(۶) ناسور کیلئے**
اگر کسی کو ناسور ہو گیا ہو اور کسی دوا سے فائدہ نہ ہوتا ہو تو ہر روز چالیس مرتبہ نادِ علی پڑھ کر ناسور پر دم کرے بفضلہ



تعالیٰ صحت حاصل ہو گی۔

**(۷) لاعلاج مرض کے لئے**
اگر کسی کو کوئی لاعلاج مرض ہو اور وہ بہ نیت صحت متواتر پڑھتا رہے تو بفضلہ تعالیٰ اس کو صحت حاصل ہو گی۔

**(۸) قضائے حاجت**
نادِ علیؑ کو ہمیشہ پڑھنے سے کوئی برائی نہیں آتی اور جو حاجت ہو گی وہ بر آئے گی۔

**(۹) حفاظت از مرگِ مفاجات**
جو شخص ہر روز چالیس مرتبہ پڑھے گا وہ مرگِ مفاجات سے بے خوف رہیگا۔

**(۱۰) سانپ کے زہر کے لئے**
اگر کسی شخص کو زہر دیا گیا ہو یا وہ کھا گیا ہو یا سانپ نے کاٹا ہو تو مشک و زعفران و گلاب سے سفید چینی کے برتن پر نادِ علیؑ لکھ کر اس کو آبِ باراں سے دھوئیں اور اس پانی پر بارہ مرتبہ نادِ علی پڑھ کر دم کریں اور اس کو پلائیں تو زہر اثر نہیں کرے گا۔

**ایضاً**
اگر کسی کو سانپ نے کاٹا ہو تو سات مرتبہ نادِ علی پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پلائیں انشاءاللہ زہر اتر جائے گا۔

**(۱۱) بچھو کے کاٹے کے لئے**
اگر کسی کو بچھو نے کاٹا ہو تو سات مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر اس مقام پر پھونکے زہر دور ہو جائیگا

**(۱۲) ردِ سحر**
اگر کسی شخص پر سحر کیا گیا ہو تو سات مرتبہ باؤلی (کنوئیں) کے پانی پر نادِ علی پڑھ کر دم کریں تھوڑا پانی اس کو پلائیں اور باقی پانی سے

Presented by www.ziaraat.com

اس کو غسل کرائیں سحر باطل ہو جائے گا۔

**ایضاً** ہر روز نماز عشاء کے بعد بیس مرتبہ نادعلی پڑھنے سے سحر وجادو اثر نہیں کرتا۔

**ایضاً** اگر کسی بچہ کو آسیب کیا گیا ہو تو نادعلی گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ جلد شفا پائے گا۔

**ایضاً** اگر کسی شخص پر سحر کیا گیا ہو تو ستر مرتبہ نادعلی پانی پر پڑھ کر اس کو غسل کرائیں تو بفضلہ تعالیٰ اس پر کیا گیا سحر وجادو دفع ہوگا۔

**(۱۳) نظر بد کیلئے** تین دن تک ہر روز بیس مرتبہ نادعلی پڑھے تو نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

**ایضاً** جو شخص قبل طلوع آفتاب تین بار نادعلی پڑھے تو نظر بد سے امن میں رہے گا۔

**(۱۴) حصول دولت کیلئے** اگر کوئی شخص ہر صبح تین روز تک جب نیند سے بیدار ہو تو کسی سے بات کئے بغیر ۱۱۰ مرتبہ نادعلیؑ پڑھا کرے تو وہ غنی ومالدار ہوگا۔

**(۱۵) دشمنوں سے نجات کے لئے** اگر کوئی شخص دشمنوں سے خائف ہو اور دشمنوں کے درمیان پھنس گیا ہو اور مارے جانے کا ڈر ہو تو ایک مٹھی پاک مٹی پر نادعلی سات مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور ان کی طرف ہوا میں اڑا دے تو بحکم خدا ان کا کوئی ضرر اس کو نہ پہنچے گا اور ان سے نجات پائے گا۔



**ایضاً** اگر کسی شخص کے دشمن زیادہ ہوں تو وہ ہر صبح ستر مرتبہ نادعلی پڑھا کرے تو ان کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں پر قہر نازل ہوگا۔

**ایضاً** ستر روز تک ہر روز ڈیڑھ سو مرتبہ نادعلی پڑھنے سے دشمن مطیع ہوں گے۔

**ایضاً** اگر کسی شخص کو ضرورت ہو تو ستر مرتبہ نادعلی پڑھنے سے دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے گا۔

**ایضاً** دس روز تک ایک ہزار مرتبہ روزانہ نادعلی پڑھنے سے دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

**ایضاً** ہر روز ستر مرتبہ پڑھنے سے خبیثوں اور حاسدوں پر قہر نازل ہوگا۔

**(۱۶) دشمنوں کے مطیع ہونے کیلئے** اگر کوئی شخص ہمیشہ نادعلی پڑھا کرے تو اس کے دشمن مطیع و فرمانبردار ہوں گے اور اس سے ڈریں گے۔

**(۱۷) دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے** اگر کوئی شخص ایک ہزار ساٹھ مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی اپنے دشمن کو پلائے تو خدا کی قدرت سے دشمن کوئی بدی نہ کر سکے گا۔

**ایضاً** چہار شنبہ کے روز تینتیس ۳۳ مرتبہ پڑھ کر مٹی پر دم کرے اور وہ اپنے دشمن پر ڈالے تو دشمن مقہور ہوگا۔

Presented by www.ziaraat.com

**ایضاً** اگر کسی شخص کو دشمنوں کا خوف ہو تو وہ ہمیشہ نادعلی پڑھا کرے۔ دشمن جلد مقہور ہوں گے

**ایضاً** اگر کسی کو دشمنوں میں جانے کی ضرورت ہو تو تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرکے جائے تو کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔

**ایضاً** اگر دشمن کسی کی خرابی کے درپے ہوں تو سات مرتبہ سات قسم کی مٹی پر پڑھ کر دشمن کے آگے ڈالدی جائے تو دشمن مقہور ہونگے۔

**(۱۸) دشمنوں کی نابودی کیلئے** اگر کوئی شخص دشمنوں کو مقہور کرنا چاہتا ہو تو پندرہ روز تک ہر روز پانچ مرتبہ نادعلی پڑھ کر دشمنوں کے گھر کی طرف پھونک دے انشاءاللہ وہ نابود ہوں گے۔

**(۱۹) دوستی کیلئے** اگر کوئی شخص جمعہ کے روز پہلی ساعت میں چھیالیس مرتبہ نادعلی پڑھ کر جس کسی سے بات کرے گا وہ دوست ہوجائیگا اگرچہ دشمن ہو۔

**(۲۰) برائے دفع تہمت** اگر کسی شخص پر کسی نے تہمت لگائی ہو تو ہر روز چالیس مرتبہ نادعلی پڑھے تو وہ تہمت سے نجات پائے گا اور تمام خلائق میں وہ نیک نام ہوگا۔

**(۲۱) بیخوابی کیلئے** اگر کسی کو بے خوابی ہوتی ہو تو نماز جمعہ کے بعد پندرہ مرتبہ پڑھنے سے اس کی بے خوابی دور ہوگی۔

**(۲۲) رنج وغم کے دور ہونے کیلئے** اگر کوئی شخص رنج وغم کے دفع ہونے کے لئے ہر روز ایک سو دس مرتبہ نادعلی



پڑھے گا تو اس کے رنج وغم دور ہوں گے۔

**ایضاً** اگر کسی شخص کو کوئی سخت مہم درپیش ہو یا غم والم میں مبتلا ہو تو وہ نادعلی کو ہزار مرتبہ غم والم کے دفع ہونے کی نیت سے پڑھے تو بالضرور اس کا غم والم خوشی کے ساتھ بدل جائے گا۔

**(۲۳) دولت وحشمت کے حصول کیلئے** اگر کوئی شخص حصول دولت وحشمت کے لئے ڈیڑھ ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کو دولت وحشمت حاصل ہوگی۔

**(۲۴) عزت ورفعت کے لئے** روزانہ اٹھارہ مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے جاہ ورفعت زیادہ ہوتی ہے۔

**ایضاً** اگر کوئی شخص اپنی عزت وحرمت کے لئے پانچ سو مرتبہ نادعلی پڑھے گا تو ضرور وہ صاحب عزت اور خلائق کے نزدیک محترم ہوگا۔ اور ہر شخص ادب سے پیش آئے گا۔

**ایضاً** اگر کوئی شخص اپنے درجات کی ترقی کے لئے چھ روز تک سو سو مرتبہ نادعلی پڑھے گا تو اس کا مقصد پورا ہوگا۔

**(۲۵) کامیابی کے لئے** کاموں کی کامیابی کے لئے پانچ روز تک ہر روز چار سو مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

**(۲۶) برائے عزت وشوکت** عزت وشوکت کے حصول کے لئے ہر روز دس مرتبہ نادعلی کو پڑھنا چاہیے۔

Presented by www.ziaraat.com

**ایضاً** ہر روز ایک سو مرتبہ نادِ علی کے پڑھنے سے حکام کی نظر میں عزت ہوگی۔

**(۲۷) حکام کی نظر میں عزت کیلئے** اگر کوئی شخص بادشاہ کے غصے سے ڈرتا ہو تو اس کے پاس جانے سے پہلے ستر مرتبہ نادِ علی کو پڑھے اور جب اس کے سامنے جائے تو تین مرتبہ نادِ علی پڑھے بادشاہ کا غصہ مہربانی سے بدل جائے گا۔

**ایضاً** جب بادشاہ یا حاکم غصہ میں بھرا ہوا ہو اگر اس کے سامنے سات مرتبہ آہستہ آہستہ نادِ علی پڑھے تو وہ مہربان ہوگا۔

**ایضاً** اگر کسی شخص سے حاکم ناراض ہو گیا ہو تو وہ حاکم کے روبرو تین مرتبہ نادِ علی پڑھے خدا نے چاہا تو وہ مہربان ہوگا۔

**(۲۸) برائے مقبولیت کلام قاصد** اگر کسی کے ذریعے کوئی پیغام بھیجنا ہو تو تین مرتبہ اس کے کان میں نادِ علی پڑھے اس کا قول ہر جگہ مقبول ہوگا اور اس کا ہر کام پورا ہوگا۔

**ایضاً** کسی کام پر قائم رہنے کے لئے ہر روز دس مرتبہ نادِ علی کو پڑھا جائے تو وہ ثابت قدم رہے گا۔

**(۲۹) برائے حب** اگر کوئی شخص ہر روز نادِ علی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو ہر شخص اس کو دوست رکھے گا۔

**ایضاً** اگر کوئی شخص جمعہ کی پہلی ساعت میں سینتالیس مرتبہ نادِ علی پڑھ کر جس کے ساتھ بات کرے گا وہ اس سے محبت کرے گا اگرچہ دشمن ہی



کیوں نہ ہو۔

**ایضاً** اگر کوئی سو مرتبہ پاک مٹی پر پڑھ کر دم کرے اور جس شخص کے نام سے بہتے پانی میں ڈالے تو وہ دوست ہو جائے گا۔

**ایضاً** انگور یا کشمش پر سات سو مرتبہ دم کرکے جس کو کھلائے تو وہ اس کی محبت میں عاشق و دیوانہ ہوگا۔

**ایضاً** زوجہ جمعہ کے روز سینتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے پر دم کرے اور اپنے شوہر سے بات کرے تو وہ محبت سے بے قرار ہوگا۔

**ایضاً** اگر کوئی کسی پر عاشق ہو تو جمعہ کی پہلی ساعت میں ستر بار خوشبو پر پڑھ کر اپنے معشوق کو دے اور وہ اس خوشبو کو لگائے تو اس کی محبت میں مبتلا ہوگا۔

**(۳۰) برائے عداوت** دو اشخاص میں دشمنی ڈالنے کی نیت سے دس روز تک ہر روز پانچ مرتبہ نادِ علی پڑھے تو ان میں عداوت پیدا ہوگی۔

**ایضاً** اگر کوئی شخص دو اشخاص کے درمیان عداوت ڈالنے کی نیت سے آٹھ روز تک ہر روز بیس مرتبہ پڑھے گا تو ان میں عداوت پیدا ہوگی۔

**ایضاً** دو اشخاص میں عداوت ڈالنے کے لئے چوراہے کی مٹی پر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر ان پر ڈالے تو وہ ایک دوسرے سے جدا ہوں گے۔

**(۳۱) زبان بندی مخالفین** دس روز تک ہر روز دس مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے بدگویوں کی زبان بند ہو جائے گی۔

Presented by www.ziaraat.com

## (۱۴) دشمنوں کی ہلاکت و بربادی کیلئے

دشمن کی بربادی کے لئے ہر روز بیس مرتبہ نادعلی پڑھنے سے دشمن کا گھر خراب ہوگا۔

**ایضاً** منافقین اور ظالموں کی ذلت و خواری کے لئے ہر روز صبح ڈیڑھ سو مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے وہ ذلیل و خوار ہوں گے۔

**ایضاً** دشمنوں سے دفع ہونے اور مخالفوں کے متفرق ہونے کے لئے ہر روز پچیس مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے وہ مقہور ہوں گے۔

**ایضاً** اگر کسی کو دشمنوں کا خوف ہو تو وہ نادعلی کو ہمیشہ پڑھے تو وہ بہت جلد مقہور ہوں گے۔

**ایضاً** ہر روز پچیس مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے مخالفین کا خوف و ہراس دل سے دور ہوگا۔

**ایضاً** دشمن کو ہلاک کرنے یا بیمار ڈالنے کے لئے کھڑے رہ کر ایک خط کھینچے اور اس خط پر ایک سو مرتبہ نادعلی اس دشمن کے نام سے پڑھے تو وہ ضرور بیمار ہوگا۔

**ایضاً** دشمن کی ہلاکت کے لئے سات روز تک ہر روز ستر مرتبہ نادعلی پڑھے تو ضرور اس کی ہلاکت واقع ہوگی۔

**ایضاً** اگر کوئی شخص اپنے دشمن کی منتقلی و آوارگی اس کے گھر سے چاہتا ہو تو تین روز تک ہر روز بیس مرتبہ نادعلی پڑھے۔ دشمن دفع ہوگا۔



**ایضاً** اعداء کے مجمع کی پریشانی کے لئے تیس روز ہر روز پچیس مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے مجمع پریشان و متفرق ہوگا۔

**ایضاً** اگر کوئی شخص اعدا کے مقہور رہونے کے لئے پانچ روز ہر روز ایک سو مرتبہ نادعلی پڑھے گا تو اعدا مقہور ہوں گے۔

**ایضاً** اگر کوئی اپنے دشمنوں کو ذلیل و خوار کرنا چاہتا ہو تو چھ روز ہر روز ایک سو مرتبہ پڑھے اس کے دشمن ذلیل و خوار ہونگے

**ایضاً** دشمن کے دفع ہونے اور دولت و اقبال و فتح پانے کے لئے ہر روز پانچ سو مرتبہ نادعلی پڑھے تو وہ اپنی مراد کو پہنچے گا۔

**ایضاً** دشمنوں کے شر و ضرر کے دفع ہونے کے لئے دس روز تک ستر مرتبہ نادعلی پڑھنے سے ان کے شر و ضرر سے امن میں رہے گا۔

**ایضاً** دشمن کے قتل ہونے کی نیت سے ایک ہفتہ ہر روز ستر مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے دشمن قتل کیا جائے گا۔

**ایضاً** دشمن کو گھر سے نکالنے کے مقصد سے تیس روز ہر روز تیس مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے دشمن گھر سے نکالا جائے گا۔

**ایضاً** مخالفت کے دور ہونے کی نیت سے تیس روز تک ہر روز پچیس مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے مخالفت دور ہوگی۔

**ایضاً** دشمنوں پر قہر نازل ہونے کی نیت سے پانچ روز ہر روز سو مرتبہ نادعلی کے ورد سے دشمنوں پر قہر نازل ہوگا۔

Presented by www.ziaraat.com

**ایضاً** روزانہ سو مرتبہ ہم چشموں کی خرابی کے لئے نادِ علی کے پڑھنے سے وہ ذلیل و خوار ہوں گے۔

**ایضاً** اگر دشمنوں کی خرابی کے لئے ستر روز ہر روز ڈیڑھ سو مرتبہ نادِ علی کو پڑھا جائے تو دشمن برباد ہوں گے۔

**ایضاً** اگر کوئی شخص دشمنوں سے پوشیدہ ہونے کی نیت سے ضرورت کے وقت ستر مرتبہ نادِ علی کو پڑھے تو ضرور دشمنوں سے پوشیدہ ہوگا۔

## (۴۳) برائے شجاعت و دلاوری

شجاعت و دلاوری کی زیادتی کی نیت سے بیس روز تک ہر روز پچاس مرتبہ نادِ علی کے پڑھنے سے شجاعت میں زیادتی ہوگی۔

## (۴۴) خوف سے نجات کیلئے

ہر روز پچاس مرتبہ نادِ علی کے پڑھنے سے دل سے خوف و ہراس دور ہوتا ہے۔

## (۴۵) برائے فتحیابی

فتح یابی کے لئے پانچ روز ہر روز چار سو مرتبہ نادِ علی کو پڑھنے سے فتح یابی حاصل ہوتی ہے۔

**ایضاً** ہر صبح ستر بار نادِ علی کے پڑھنے سے فتح پائے گا اور مخالفین دور ہوں گے۔

**ایضاً** اگر کسی کو کوئی مشکل کام درپیش ہو یا کسی غم میں مبتلا ہو تو ہزار مرتبہ نادِ علی پڑھے اس کے مشکل کام آسان ہو جائیں گے۔ اور اس کا غم و الم خوشی میں بدل جائے گا۔



## (۴۶) برائے حصول مقصد

حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مشکل کام کے لئے صدقِ دل سے نادِ علی کو پڑھے گا تو اس کا مقصد پورا ہوگا۔

**ایضاً** اگر کوئی شخص گھر سے باہر جاتے وقت ایک مرتبہ جس نیت سے نادِ علی پڑھے گا تو وہ اپنے کام میں فتح یاب ہوگا۔

**ایضاً** ظہر کے وقت جس مقصد کے لئے چار مرتبہ نادِ علی پڑھی جائے تو وہ مقصد پورا ہوتا ہے۔

## (۴۷) قضائے حاجت

اگر کوئی بعد غسل لباس پاک و صاف پہن کر خوشبو لگائے اور دو رکعت نماز قاضی الحاجات کی درگاہ میں بجالائے اور عجز رجلا کر ایک ہزار اٹھارہ مرتبہ نادِ علی پڑھے اور سجدے میں جا کر خداوندِ عالم سے اپنی حاجت طلب کرے تو اسی وقت بطفیل نادِ علی اس کی حاجت پوری ہوگی۔

**ایضاً** ہفتہ کے روز غسل کر کے دو رکعت نماز ادا کی جائے اور بارہ مرتبہ نادِ علی پڑھ کر مسجد میں جاکر دعا کرنے سے حاجت پوری ہوگی۔

**ایضاً** حصولِ مراد کی نیت سے ہر روز چوبیس مرتبہ نادِ علی کے پڑھنے سے مراد پوری ہوگی۔

**ایضاً** امورِ مشکلات کے آسان ہونے کی نیت سے ہر روز ایک سو ساٹھ مرتبہ نادِ علی کے پڑھنے سے تمام مشکلات آسان ہوں گی۔

Presented by www.ziaraat.com

**ایضاً** حاجتوں کے بر آنے اور مشکلات کے حل ہونے کی نیت سے ہر روز ایک سو ستر مرتبہ بارہ روز تک نادِ علی پڑھنے سے حاجتیں پوری ہونگی

**(۳۸) قید سے رہائی کے لئے** کسی قیدی کی رہائی کے لئے ہر روز ایک سو ساٹھ مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے ضرور رہائی حاصل ہوگی۔

**ایضاً** اگر کوئی شخص قید ہوگیا ہو تو وہ ہر روز گیارہ سو مرتبہ نادِ علی پڑھے تو قید سے رہا ہوگا۔

**(۳۹) برائے سلامتی مسافرت** جو شخص سفر کرنا چاہتا ہو تو پہلے غسل کر کے دو رکعت نماز بجالائے اور نادِ علی بارہ مرتبہ پڑھ کر سفر پر جائے تو خدا کے فضل سے وہ سلامتی کے ساتھ اپنے گھر واپس آئے گا۔

**ایضاً** مسافر کے سلامت واپس آنے کی نیت سے اگر ہر روز سات مرتبہ نادِ علی کو پڑھا جائے تو وہ سلامتی کے ساتھ واپس آئے گا۔

**(۴۰) وسعت رزق کے لئے** حصول دولت و رزق اور فارغ البالی کے لئے بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔ اتوار کے روز نیک ساعت میں ابتدا کرے اور ہر روز اکتالیس مرتبہ اکتالیس روز تک برابر وقت پر نادِ علی پڑھا کرے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم فرج ھمی واکشف غمی یا غیاث المستغیثین یا دلیل المتحیرین یا غوث یا غوث یا غوث واقض حاجاتی بحق قرآن العظیم وبحق نبی الکریم وولیک وآلہ المعصومین اللھم



صل علیٰ محمدٍ وآل محمد

**(۴۱) حصول سعادت دینی و دنیاوی** سعادت و مقاصد دینی و دنیاوی کے حاصل ہونے کے لئے ستر روز تک ہر روز بارہ مرتبہ نادِ علی پڑھنی چاہیے۔

**(۴۲) برائے تسخیر قلوب** دینی و دنیاوی مطالب اور تسخیر قلوب کے لئے ایک ہزار مرتبہ دس روز تک پڑھنے سے ضرور مطلب پورا ہوگا۔

**(۴۳) وسعت رزق کیلئے** اگر کوئی توسیع رزق و مرتبہ کے بلندی کی نیت سے بصدقِ دل ہر روز صبح کے وقت پڑھے گا تو اس کے رزق میں ترقی ہوگی۔

**(۴۴) برائے بلندی مراتب** جو شخص ہر صبح اٹھارہ مرتبہ نادِ علی پڑھے گا تو اس کا مرتبہ بلند ہوگا

**(۴۵) حصول اولاد کیلئے** اگر کسی عورت کو فرزند نہ ہوتا ہو تو کاسہ چینی پر زعفران و گلاب سے نادِ علی لکھ کر بارش کے پانی یا پاک پانی سے دھو کر پلائیں تو بحکم خدا اس کو فرزند عطا ہوگا۔

**(۴۶) حصول مقاصد کیلئے** مقاصد دینی و دنیاوی و حصول سعادت کی نیت سے اگر کوئی شخص اٹھارہ روز تک ہر روز پچیس مرتبہ نادِ علی پڑھے تو وہ فیض یاب ہوگا۔

**ایضاً** اگر کوئی شخص نادِ علی ہمیشہ پڑھا کرے گا تو وہ کبھی بدی نہ دیکھے گا اور جو حاجت خدا سے چاہے گا وہ پوری ہوگی۔

Presented by www.ziaraat.com

**(۴۷) قید سے رہائی کے لئے** اگر کوئی ایسی جگہ گرفتار ہوگیا ہو کہ جہاں سے رہائی کی امید نہ ہو تو سات مرتبہ خاک پر نادِ علی پڑھ کر ان لوگوں کی طرف پھینکے کہ جنہوں نے گرفتار کیا ہے پس اسے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔

**(۴۸) خوف سے نجات کے لئے** جس کسی کو دشمنوں سے خوف ہو وہ ہر روز نادِ علی ستائیس مرتبہ پڑھا کرے اس کے دشمن مقہور ہوں گے۔

**(۴۹) ردِ سحر** اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو تو اس کے لئے سات کنوؤں کا پانی لے کر اس پانی پر نادِ علی کو سات مرتبہ پڑھ کر اس پانی سے سحر زدہ کو غسل کرائیں اور اس کو پلائیں سحر باطل ہوگا۔

**(۵۰) زہر کے اثر کے لئے** اگر کسی کو زہر دیا گیا ہو تو نادِ علی کو مشک و زعفران سے چینی کے برتن پر لکھے اور اس پر نادِ علی کو اکیس بار پڑھے اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے زہر کارگر نہ ہوگا۔

**(۵۱) لاعلاج مریض کیلئے** اگر کوئی ایسا بیمار ہو کہ طبیب اس کا علاج کرنے سے عاجز ہو تو اٹھارہ مرتبہ پانی پر نادِ علی دم کر کے اس کو پلائیں شفا ہوگی۔

**(۵۲) رنج و غم کے دور ہونے کیلئے** اگر کسی کو مہم در پیش ہو یا کوئی رنج ہو ہزار مرتبہ نادِ علی پڑھے غم اس



کا خوشی میں بدل جائے گا۔

**(۵۳) دوستی کیلئے** اگر کسی سے کوئی ناراض ہوگیا ہو پس وہ اکتالیس مرتبہ نادِ علی کو پڑھ کر اس شخص کے پاس جائے اور تین بار اپنے اوپر پڑھے بحکم خدا اس کا غصہ خوشی سے بدل جائے گا۔

**ایضاً** کوئی اول ساعت جمعہ میں بارہ مرتبہ نادِ علی کو پڑھ کر جس سے ملاقات کرے گا وہ اس کا دوست ہو جائے گا۔

**(۵۴) دفع تہمت کے لئے** اگر کسی پر کوئی تہمت لگائی گئی ہو تو وہ ہر روز چالیس مرتبہ نادِ علی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو اس سے تہمت دفع ہوگی۔

**(۵۵) بیخوابی کیلئے** بے خوابی کے لئے قبل نماز جمعہ پچیس مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے بے خوابی دور ہوگی۔

**(۵۶) وسعتِ رزق کے لئے** غنی ہونے کے واسطے صبح اور شام کے وقت بارہ بارہ مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے غنی و بے نیاز ہوگا۔

**ایضاً** زیادتی دولت و حشمت کے لئے ہر روز اکیس مرتبہ نادِ علی کا ورد کرنا چاہیئے۔

**(۵۷) اعداء پر فتح کے لئے** انقیار اعداء کے لئے ہر روز سترہ مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے اعداء پر ظفر پائے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

**(۵۸) دشمنوں کی نگاہوں سے پوشیدہ ہونے کے لئے** اگر کوئی وقت ضرورت دشمنوں سے پوشیدہ ہونا چاہے تو اٹھارہ مرتبہ نادِ علی پڑھے دشمنوں کی نگاہوں سے پوشیدہ ہوگا۔

**(۵۹) زبان بندی اعدار کے لئے** زبان بندی اعدار کے واسطے دس دن ہر روز دس بار نادِ علی پڑھنے سے اعدار کی زبان اس پر بند ہوگی۔

**(۶۰) قضائے حاجت** حصول مراد کے لئے ہر روز چھتیس مرتبہ نادِ علی کے پڑھنے سے مراد پوری ہوگی۔

**(۶۱) شفائے امراض** شفائے امراض کے لئے ہر روز ستائیس مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے شفا ہوگی۔

**(۶۲) دفعِ نظر بد** نظرِ بد اور زبان بندی کے لئے تین دن ہر روز بیس بار نادِ علی پڑھنے سے چشمِ حاسدان اور زبان بدگویاں سے امن میں رہے گا۔

**(۶۳) خزانوں کا ظاہر ہونا** خزانوں کے ظاہر ہونے کے لئے چالیس روز تک ہر روز چالیس مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے اس پر خزانے ظاہر ہوں گے۔ اور اگر رات کو سوتے وقت پڑھے تو خواب میں خزانے کی جگہ کو دیکھے گا۔

**(۶۴) زیارت رسولؐ خدا** رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھنے کے



لئے ہر روز سات مرتبہ نادِ علی پڑھے انشاءاللہ زیارت نصیب ہوگی۔

**(۶۵) قید سے رہائی** رہائی کے لئے سات روز تک ہر روز سولہ مرتبہ نادِ علی کے پڑھنے سے رہائی حاصل ہوگی۔

**(۶۶) قضائے مہمات** مہمات کے بر آنے کے واسطے ہر روز پندرہ مرتبہ نادِ علی پڑھنی چاہئے۔

**(۶۷) کشفِ اسرار و غیب** اسرار و غیوب کے ظاہر ہونے کے لئے چالیس روز تک ہر روز سولہ مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے علم لدنی منکشف ہوں گے۔

**(۶۸) ہلاکتِ دشمن** دشمنوں کے دفع ہونے اور ان کی ہلاکت کے لئے آٹھ روز تک ہر روز سترہ مرتبہ نادِ علی کو پڑھے۔

**(۶۹) دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے** دشمنوں سے محفوظ رہنے کے لئے ہر روز اٹھارہ مرتبہ بیس روز تک پڑھ کر ان کے مقابل میں پھونکے ان کے شر سے محفوظ رہیگا۔

**(۷۰) تحصیلِ علم** تحصیل علوم کے لئے بیس دن تک نمازِ صبح کے وقت روزانہ سترہ مرتبہ یا ستر مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے علم و حکمت کے دروازے اس پر کشادہ ہوں گے۔

**(۷۱) حصولِ دولت** حصولِ دولت کے لئے ہر روز سولہ مرتبہ نادِ علی پڑھنے سے دولت حاصل ہوگی۔

**(۷۲) برائے فتح و کامیابی** کسی شہر کی فتح یابی کے لئے پانچ روز تک ہر روز

Presented by www.ziaraat.com

چالیس مرتبہ ناد علی پڑھنے سے اس شہر پر فتح حاصل ہوگی۔

**(۳) حصول عزت وشوکت** | قبول سلاطین و رفع درجات کے لئے چھ روز تک سو مرتبہ ناد علی پڑھے صاحب جاہ و مقبول القول ہوگا۔

**ایضاً** | زیادتی اقبال و حصولِ مقاصد کے لئے سولہ دن تک ہر روز پچاس مرتبہ ناد علی پڑھے۔

**ایضاً** | عزت وشوکت کے حصول کے لئے ہر روز بیس مرتبہ ناد علی پڑھنی چاہیئے۔

**ایضاً** | دشمن کے چلے جانے کے لئے تیس روز تک ہر روز تیس بار ناد علی کو پڑھے۔

**(۴) برائے خاتمہ اختلاف** | لوگوں میں اختلاف و دشمنی کے خاتمے کے لئے بیس دن تک ہر روز تیس مرتبہ نادِ علی کے پڑھنے سے عداوت ختم ہوگی۔

**(۵) حصولِ شجاعت کے لئے** | شجاعت کے حصول کے لئے ہر روز پچیس بار ناد علی پڑھنے سے صاحب شجاعت ہوگا۔

**(۶) دشمنوں کے دفع ہونے کے لئے** | دشمنوں کے دفع ہونے اور ان کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے روزانہ سو مرتبہ چھ روز تک ناد علی پڑھے۔

**(۷) قضائے حاجات** | واسطے قضائے حاجت کے ایک ہزار ایک مرتبہ



باطہارت ناد علی پڑھنے سے حاجت بزودی بر آئے گی۔

کسی شرعی مطلب کے حصول کے لئے مسجد میں یا خلوت میں جا کر "یا علیؑ" کہے مطلب حاصل ہوگا۔ یہ عمل تجربہ کار ہے۔

## نقش نادِ علی

نادِ علی مشہور و مقبول دعا ہے۔ ہر مصیبت اس سے دور ہوتی ہے۔ سیکڑوں برس سے عالم اور عامل اس سے فیض پا رہے ہیں یہ نقش نادِ علی ہے۔ اس نقش معظم کو با وضو ادب سے لکھ کر موم جامہ کرکے بازو سے باندھیں یا گلے میں ڈالیں اس کی برکت سے فیض پائیں گے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱۲۸ | ۱۱۳۲ | ۱۱۳۵ | ۱۱۲۱ |
| ۱۱۳۴ | ۱۱۲۲ | ۱۱۲۷ | ۱۱۳۳ |
| ۱۱۲۳ | ۱۱۳۷ | ۱۱۳۰ | ۱۱۲۹ |
| ۱۱۳۱ | ۱۱۲۵ | ۱۱۲۴ | ۱۱۳۶ |

## بعض مجربہ ختوم

**ختم یا علی** | ایک ہی نشست میں بارہ ہزار مرتبہ کہے ہر کام کے لئے تیر بہدف ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

اور ادائے قرض کے لئے بارہ ہزار مرتبہ اور وسعت رزق کے لئے ہزار مرتبہ یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ یَا عَلِیُّ یَا وَلِیُّ پڑھے

ہر مشکل کام کے لئے تین رات متواتر خلوت میں بیٹھ کر ہر شب ایک ہزار مرتبہ یہ دعا پڑھے نہایت مجرب ہے۔

اِلٰھِیْ اِلٰھِیْ قَدِ انْقَطَعَ رَجَائِیْ عَنِ الْخَلْقِ وَاَنْتَ رَجَائِیْ۔

اس کے لئے شرط یہ ہے کہ طیب و طاہر اور جائز کام کے لئے ہو اور سب سے ناامید ہو انشاءاللہ عجیب تاثیر ہوگی۔

## عمل عظیم التاثیر

جمہوری ازارباب قلوب و اصحاب اسرار و اجلۂ اعلام نے اتفاق کیا ہے خصوصاً شیخ بہائی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی ان پانچ اسموں کو ایک ہزار دو سو بار ایک ہی نشست میں بغیر اٹھے اور بغیر پاؤں بدلے بلاتکلم احد خلوت میں پڑھے تو اسی روز بفضل تعالیٰ غنی ہو جائے گا بشرطیکہ شک نہ کرے اور مایوس نہ ہو اور حرام یا مشتبہ روزی نہ رکھتا ہو اور جھوٹ نہ بولتا ہو اور پابند شرع ہو۔ اسماء یہ ہیں۔ یَا قَوِیُّ یَا غَنِیُّ یَا وَلِیُّ یَا مَلِیُّ یَا وَصِیُّ اول و آخر چند بار درود بھیجے اور چہاردہ معصومین علیہم السلام سے متوسل ہو کر دعا کرے۔

## ختم نادِ علی

دفع تنگی معاش اور حل مشکلات کے لئے چالیس روز تک ہر روز ستر بار نادعلی پڑھنا مجرب ہے۔

## فضائل بسم اللہ

حضرت امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں کہ بسم اللہ اسم اعظم سے نزدیک تر ہے بہ نسبت آنکھ کی سیاہی اور سفیدی کے حضرت



رسولؐ خدا فرماتے ہیں کہ جو یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کو جہنم کے انیس[۱۹] جوکوں سے بچائے وہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے کیوں کہ اس کے بھی انیس حرف ہیں تاکہ حق تعالیٰ اس کے ایک ایک حرف کو ایک ایک جھونکے کی سپر بنا دے۔ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے خدائے تعالیٰ اس کے لئے ہر ایک حرف پر چار چار ہزار نیکیاں لکھے گا۔ اور چار چار ہزار بدیاں اس کی مٹائے گا۔ آنحضرت فرماتے ہیں کہ جب مومن صراط پر سے گذرے گا تو بسم اللہ کہے گی کہ تو نے دوزخ کی بھڑک بجھا دی اور دوزخ بھی کہے گی کہ گذر جا اے مومن تیرے نور نے میری بھڑک کو بجھا دیا۔

## دفع پریشانی

نجات از مصائب زندان و فتوح مشکلات کے لئے ہر نماز کے بعد ۱۹ مرتبہ پڑھے۔

نَجَاۃٌ مِنْکَ یَا سَیِّدَ الْمَکْرُوْبِ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## ختم سورۃ الحمد

یہ مجرب ختم مجلسی اور دیگر علماء کبار سے منقول ہے کہ اس عمل کی ابتداء روز جمعہ بعد نماز صبح سے کرے اور قبل ختم غسل کرے اور صبح کے نافلہ و فریضہ و تسبیح کے بعد اکتالیس مرتبہ سورہ حمد پڑھے اور کوشش کرے کہ غلط نہ پڑھے اور حمد ختم ہونے پہ بلافاصلہ تیرہ مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یَا مُفَتِّحُ فَتِّحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُسَہِّلُ سَہِّلْ یَا مُدَبِّرُ دَبِّرْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ۔

Presented by www.ziaraat.com

# اسماء باری تعالیٰ اور اُنکے وظائف

**یَا اَللّٰہُ**: جو شخص بوقت زوال یا بوقتِ غروب آفتاب یا آخر ثلث شب میں چھ سو ساٹھ مرتبہ کہے جو حاجت ہو روا ہوگی۔

**اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ**: ہر نماز واجب کے بعد اگر سو مرتبہ پڑھے تو لطف الٰہی شامل ہو۔

**یَا مَالِکُ**: جو شخص یہ اسم ہر روز چونسٹھ بار پڑھے اور اس کی مداومت رکھے تو اس کی ملک کو زوال نہ ہوگا۔

**یَا قُدُّوْسُ**: اگر بروز جمعہ ایک سو ستر دفعہ ہمیشہ پڑھا کرے تو دل بد خصلتوں سے پاک ہوگا۔

**یَا سَلَامُ**: اگر سو مرتبہ بیمار پر پڑھے تو شفا ہو۔

**یَا مُؤْمِنُ**: اگر ایک سو چھتیس مرتبہ پڑھے تو جن و انس کے شر سے امانِ خدا میں رہے۔

**یَا مُہَیْمِنُ**: جو شخص اس اسم کو ایک سو پچیس بار پڑھے تو اس کا باطن صاف ہو۔

**یَا عَزِیْزُ**: اگر چالیس روز تک ہر روز چالیس مرتبہ پڑھے تو کبھی محتاج نہ ہوگا۔



**یَا جَبَّارُ**: اگر ہر روز اکیس مرتبہ پڑھے تو ظالموں کے ظلم سے بے خوف ہو۔

**یَا مُتَکَبِّرُ**: اگر اس اسم کو کسی جابر کے سامنے پڑھے تو وہ جابر ذلیل ہو۔

**یَا خَالِقُ**: جو اس کی مداومت رکھے تو اس کا دل نورانی ہو۔

**یَا بَارِئُ**: جو اس اسم کو بہت پڑھے تو اس کا جسم قبر میں بوسیدہ نہ ہوگا۔

**یَا مُصَوِّرُ**: جو عورت اول سات روزے رکھے اور بعدہٗ اس اسم کو پاک سیاہی سے لکھے، لکھتے وقت بھی تیرہ مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور دھو کر پیئے تو خداوند عالم اسے فرزند عنایت فرمائے گا۔

**یَا غَفَّارُ**: بوقت نماز جمعہ اگر سو دفعہ پڑھے تو اس کے گناہ بخشے جائیں گے۔

**یَا قَہَّارُ**: جو شخص اس اسم کو بہت پڑھے تو دل سے حُبِّ دنیا دُور ہو۔

**یَا وَہَّابُ**: اگر سجدہ میں چودہ بار یہ اسم پڑھے تو غنی ہو۔ اگر آخر شب میں سر برہنہ کرے اور ہاتھ بلند کر کے سو بار کہے تو حاجت روا ہو اور فقر زائل ہو۔

**یَا رَازِقُ یَا رَزَّاقُ**: یہ دونوں اسم ایک ہی ہیں جو بہت پڑھے

Presented by www.ziaraat.com

روزی میں برکت ہو۔

**یا فتّاحُ** ۔ بعد نماز صبح سینہ پر ہاتھ رکھ کر ستر مرتبہ پڑھے تو اس کے دل سے حجاب برطرف ہوں۔

**یا علیمُ** ۔ جو شخص بہت پڑھے تو معرفت خدا حاصل ہو۔

**یا قابضُ** ۔ جو شخص چالیس لقموں پر چالیس بار پڑھ کر چالیس دن تک کھائے تو اس کی روزی کم نہ ہوگی۔

**یا باسطُ** ۔ جو صبح کو اپنے ہاتھ بلند کرکے دس مرتبہ پڑھے تو کبھی دوسرے کا محتاج نہ ہوگا۔

**یا عالمُ الغیبِ** ۔ اگر بعد نماز سو بار پڑھے تو غیب کی باتیں ظاہر ہوں

**یا حافظُ** ۔ اگر ستر مرتبہ پڑھے تو ظالموں کا شر دفع ہو۔

**یا رافعُ** ۔ بعد نماز ظہر سو بار پڑھنا مرتبے کو بلند کرتا ہے۔

**یا سمیعُ** ۔ جو اس کو بہت پڑھے تو عنایت خدا شامل حال ہو۔

**یا لطیفُ** ۔ اگر کسی مشکل کے وقت اس اسم کو پڑھے تو جلد نجات ہو۔

**یا حکیمُ** ۔ اگر اس اسم کو لکھ کر دھوئے اور پانی زراعت پر چھڑکے تو پیداوار خوب ہو۔

**یا غفورُ** ۔ جو اس کو بکثرت پڑھے تو وسواس دل سے دور ہوں۔

**یا شکورُ** ۔ اگر پانی پر چالیس مرتبہ پڑھ کر آنکھ کو دھوئے تو دردِ چشم زائل ہو۔



**یا علیُّ** ۔ جو اسے بہت پڑھے تو آدمیوں کی نظروں میں عزیز و مکرم ہو۔

**یا کبیرُ** ۔ جو شخص دو سو تیس مرتبہ پڑھ کر دعا کرے تو انشاء اللہ مستجاب ہوگی۔

**یا حفیظُ** ۔ جو نو سو اٹھانوے بار پڑھا کرے تو اس پر خوف غالب نہ ہوگا۔

**یا حسیبُ** ۔ جو سات ہفتوں تک اس اسم کو بکثرت پڑھے تو اس کے کام پورے ہوں گے۔ لیکن جمعرات سے شروع کرے اور ہر روز ستر مرتبہ پڑھا کرے۔

**یا جلیلُ** ۔ جو اسے بہت پڑھے دیکھنے والے اس کی تعظیم کریں۔

**یا کریمُ** ۔ جو کوئی وقتِ خواب پڑھے تو ملائکہ بیدار ہونے تک اس کے لیے استغفار کریں۔

**یا قریبُ** ۔ جو اس اسم کا بکثرت ورد رکھے تو خداوندِ عالم اُسے ہر شے کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

**یا واسعُ** ۔ جو اس اسم کو بہت پڑھے اس کی روزی میں وُسعت ہو۔

**یا ودودُ** ۔ اگر یہ اسم مبارک کھانے پر پڑھ کر ایسے دو شخصوں کو کھلائیں جن میں عداوت یا رنج ہو تو ان دونوں میں پکّی دوستی ہو جائے گی۔

Presented by www.ziaraat.com

**یَا شَافِیُ** ۔ اِس اِسم کا بہت پڑھنے والا تمام بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

**یَا بَاعِثُ** ۔ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر سو مرتبہ پڑھے تو دل نورانی ہو۔

**یَا وَکِیْلُ** ۔ اگر اس اسم کو لکھ کر پاس رکھے تو جلنے اور غرق ہونے سے محفوظ رہے۔

**یَا قَوِیُّ** ۔ اگر کوئی دشمن ہو اور اس کے دفع کرنے کی قدرت نہ رکھتا ہو تو آٹے کی ہزار گولیاں بنائے اور ہر گولی پر یہ اسم پڑھ کر جانوروں کو کھلائے۔ دشمن انشاءاللہ دفع ہوگا۔

**یَا حَیُّ** ۔ اگر اِس اِسم کو بیمار پر دم کریں تو باذن خدا تندرست ہو۔

**یَا قَیُّوْمُ** ۔ جو اس اسم کو انگوٹھی پر کندہ کرائے تو اس کا نام مردہ نہ ہوگا اور وہ بہت مشہور ہوگا۔

**یَا وَاجِدُ** ۔ اگر کھانے پر پڑھ کر کھائے تو دل نورانی ہوگا۔

**یَا مَاجِدُ** ۔ اگر خلوت میں اِس اسم کو پڑھے تو جلائے قلب ہوگا۔

**یَا اَحَدُ** ۔ اگر خلوت میں ہزار مرتبہ پڑھے تو ملائکہ کا مشاہدہ کرے۔

**یَا صَمَدُ** ۔ اِس اِسم کے پڑھنے والے کو کبھی بھوک کی تکلیف نہ ہوگی۔

**یَا قَادِرُ** ۔ جو اِس اسم کو بہت پڑھے اُس کے بچے بالغ ہونے تک بیماری سے محفوظ رہیں۔



**یَا تَوَّابُ** ۔ اگر بہت پڑھے تو یہ قبول ہوگی۔

**یَا مُنْتَقِمُ** ۔ اگر بہت پڑھے تو شر دشمن سے محفوظ رہے۔

**یَا رَءُوْفُ** ۔ اگر کسی ظالم کے پاس پڑھیں وہ ظالم ذلیل ہو۔

**یَا سُبُّوْحُ** ۔ بعد نماز جمعہ اگر یہ اسم روٹی پر لکھ کر کھائے تو متقی ہو۔

**یَا رَبُّ** ۔ جو بہت پڑھے تو باری تعالیٰ اس کی اور اس کی اولاد کی حفاظت کرے۔

**یَا مُعْطِیُ** ۔ اگر کوئی مُعطیٰ السائلین بہت کہے تو خداوند عالم اُسے محتاج سوال نہ کرے۔

**یَا مَالِکُ الْمُلْکِ** ۔ جو بکثرت پڑھے خدا اُسے دنیا اور عقبیٰ میں بے نیاز کرے۔

**یَا غَنِیُّ الْمُغْنِیُّ** ۔ جو دس جمعے تک ہر جمعہ کو ہزار بار پڑھے اور غذائے حیوانی (مثل گوشت، گھی، دودھ، انڈا وغیرہ) نہ کھائے تو حق سبحانہٗ تعالیٰ اپنی رحمت سے اسے غنی کر دے گا۔

**یَا مَانِعُ** ۔ جو سوتے وقت بہت پڑھے تو قرض ادا ہو۔

**یَا هَادِیُ** ۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے تو معرفت خدا حاصل ہو۔

**یَا بَدِیْعُ** ۔ اگر کوئی ہزار مرتبہ پڑھے تو حاجت روا ہو۔

**یَا وَارِثُ** ۔ جو ہزار مرتبہ پڑھے تو خدا اُسے راہ حق دکھائے۔

**یَا صَبُوْرُ** ۔ جو ہزار مرتبہ پڑھے تو خداوند عالم اسے توفیق صبر عطا فرمائے۔

Presented by www.ziaraat.com

از: سید آل محمد رزمی

# توحید الائمہ پر ایک نظر

ہماری زندگی میں مذہب کی صحیح روح کا عمل دخل نہ ہونے کی وجہ سے ہم دین کے اصل معنی و مفہوم سے ناآشنا ہیں۔ اگر ہم خدا اور اس کے دین کو پوری ایمان داری، پورے خلوص، پورے فہم اور پورے شعور کے ساتھ سمجھ لیتے تو زندگی کے اس بیکراں صحرا میں اس کنارے سے اس کنارے تک فکر و دانش کے تمام مراحل اور ادراک و خرد کے تمام خاکے فلسفۂ دین سے عاری نہ ہوتے یہ قصور ہمارا اپنا ہے ـــــ ہم نے دین کو اس کے صحیح ذرائع (ائمۂ الطاہرین) سے حاصل ہی نہیں کیا ہے۔ اگر ہم تاریخ کی ان عظیم اور مقتدر شخصیتوں کی عظیم تعلیمات اور صحیفۂ حیات کی ورق گردانی کر لیتے تو ہمیں اسلام کی اساس اور سیرتِ انسانی کے بنیادی مآخذ کا پتہ بھی چل جاتا اور علم کے بحرِ بیکراں سے چند قطرے بھی حاصل ہو جاتے۔

زیرِ نظر کتاب "توحید الائمہ" مولانا سید محمد ہارون زنگی پوری طاب ثراہ کے دینی شغف، تبحرِ علمی اور تحقیق و تفحص کی آئینہ دار ہے جس میں معرفتِ خداوندی اور تخلیقِ انسانیت کی حقیقت اور اسانید پر جامع مبسوط اور سیر حاصل تبصرہ فرمایا ہے۔ یہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے پہلا حصہ معرفت و صفاتِ خداوندی اور اس کے دائرہ قدرت کے متعلق ہے، دوسرے حصے میں خلقتِ انسانی، عقل و فہم و ادراک و شعور حواسِ خمسہ کا بیان، افعالِ انسانی کی تخلیق، جماد، نبات، حیوان اور انسان کی قدرِ مشترک، آگ، پانی، صحرا، سمندر، پہاڑ، جنگل، بدلتے موسم، پھول اور شبنم کے تخلیق کی غرض و غایت، آفات و حوادثات کی وجوہات، اور اکو ذاتِ جزا اور سزا، اور نفسِ ناطقہ اور اس کی ہیئت و ماہیت کا ذکر ہے۔ تیسرے حصے میں مذاہبِ عالم کا تقابلی مطالعہ، اسلام کے دیگر فرقوں کا تاریخی تجزیہ، معرفت امامِ زمانہ، اسلام کی جامعیت و ہمہ گیری اور خصوصاً توحید کو آئمہ کرام علیہم السلام کے حوالے سے بیان کیا گیا ہے جس میں بہ حیثیت مجموعی فاضل مولف نے نہایت خوش اسلوبی سے اس ذمہ داری کو پورا کیا ہے۔ ان کا نقطۂ نظر صاف، واضح، غیر جانبدار، معقول اور معتدل ہے، انہوں نے اپنے موضوعات سے متعلق بیسیوں اہم مصادر و مآخذ سے استفادہ کر کے تحقیق کا حق پوری طرح ادا کیا ہے۔

ایک بڑی خوبی اس کتاب کی یہ ہے کہ مولانا نے موصوف نے موضوعات کے بارے میں بنیادی اور ضروری معلومات اہل بیتؑ کے حوالے سے بیان کی ہیں اور ساتھ ہی ساتھ غیر جانبداری، اختصار و جامعیت دونوں کو پیشِ نظر رکھا ہے۔ اس طرح اس کتاب میں اعلیٰ درجے کی علمی، سائنٹفک اور معلوماتی کتاب کی سی شان پیدا ہو گئی ہے۔ ۴۳۲ صفحات کی اس کتاب میں قرآنی آیات کے مفہوم اور حقائق کو سمجھ کر حقائق و استدلال جمع کیے گئے ہیں۔ یہ کتاب نہ صرف عام مسلمانوں کے لیے ہے جو توحید اسلام اور اہل بیت کی تعلیمات سے دور کا بھی تعارف رکھتے ہیں بلکہ دین سے گہری دلچسپی رکھنے والوں اور خصوصاً علم الابدان کے طلبہ کے لیے بھی اس کتاب کا مطالعہ نہایت مفید و مناسب رہے گا ـــــ علم الابدان پر بحث آسان کام نہیں ہے اس کا حق صرف وہی ادا کر سکتا ہے جو نہ صرف اس موضوع پر معلومات رکھتا ہو اور علمی ذوق رکھنے کے علاوہ بالغ نظر بھی ہو۔ فاضل مولف طاب ثراہ نے اس کام کا بیڑہ اٹھایا اور اس کو پورا کر کے اپنے دور کے علماء، فقہا اور حلقہ اہلِ نظر سے خراجِ تحسین حاصل کیا۔ یہ ایک کتاب ایک عرصے سے پاکستان میں نایاب تھی ـ دارالاشاعت اسلامی نے احمد بک ڈپو کے تعاون سے شائع کر کے ایک بہت بڑی دینی، علمی، قومی و ملی خدمت انجام دی ہے۔ اس موضوع پر اس معیار کی کوئی دوسری کتاب نہیں ہے۔ اس لیے یہ کتاب بڑی قیمتی قابلِ قدر ہے، مناسب ہوگا کہ ارباب دانش ایسی کتابیں خود خریدیں اور دوسروں تک بھی پہنچائیں اور مطالعہ کے ذوق کو مہمیز کر کے محمد و آلِ محمد علیہم السلام کی تعلیمات کی ترویج و اشاعت کی سعادت حاصل کریں۔

صفحات ۴۳۲ سائز ۲۳×۳۶/۱۶ قیمت ۳۵ روپے

Presented by www.ziaraat.com

# ذخیرہ مصائب

مصنفہ ۔ جناب مولانا سید ریاض الحسن صاحب اعلی اللہ مقامہ نظم ونثر میں خواتین کے لئے تاریخ وار مجالس کی نہایت جامع کتاب

# زہرا کا لال

زنانی و مردانی مجالس کا شاندار گلدستہ خصوصاً نئے ذاکرین کے لئے بے مثال کتاب ہے

# قتیل کربلا

عالی جناب مولانا سید نذر حسن صاحب قبلہ گوپالپوری کی مجالس کی بہترین کتاب

# فاطمہ کا لال میدان کربلا میں

جناب مولانا سید محمد سردار علی صاحب قبلہ نے بچوں کیلئے مجلسوں کی یہ ایک مفید کتاب لکھی ہے ۔ اسمیں اصولِ دین، فروعِ دین، اہمیت نماز و روزہ، فلسفہ روزی دعا وغیرہ کے ساتھ سید الشہدا و اصحاب و اقربا کے پردرد مصائب بیان کئے ہیں ۔

ملنے کا پتہ **احمد بک ڈپو** امام بارگاہ رضویہ سوسائٹی کراچی ۱۸

# ذکر مظلوم

خطیب آلِ محمد سید قائم مہدی صاحب قبلہ کی نئے ذاکرین کے لئے بے مثال و لاجواب کتاب جس میں یکم محرم تا دس محرم، شہدائے کربلا، جناب سکینہؑ، جناب زینبؑ اور تمام آئمہ معصومینؑ علیہ السلام کی شہادتوں پر چالیس تاریخ وار مجالس انتہائی آسان اور سہل زبان میں درج کی گئی ہیں ۔ ان مجالس میں محمد و آلِ محمد علیہم السلام کے عظیم الشان فضائل اور پردرد رقت آمیز مصائب تاریخی مناسبت سے بیان کئے گئے ہیں ۔ ذاکری کا شوق رکھنے والے بچوں کے لئے اس سے بہتر کوئی دوسری کتاب نہیں ۔

ملنے کا پتہ

**احمد بک ڈپو** امام بارگاہ رضویہ سوسائٹی کراچی ۱۸

Presented by www.ziaraat.com